اَلحَمدُللّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعد فَاَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

# متفرق روحانی علاج

اوراد و وظائف پڑھنے کے کچھ ضروری آداب بھی ہیں ہر عمل کرنے والے کے لیے لازم ہے کہ وہ ان آداب کا بھی لحاظ و خیال رکھے ورنہ دعاؤں اور وظیفوں کی تاثیرات میں کمی ہو جانا لازمی ہے۔ ایک ادب عرض کرتی ہوں توجہ کے ساتھ سنیئے گا: ☆جب کوئی عمل کرے یا وظیفہ پڑھے تو اس دوران بہت کم کھائے اور سادہ غذا کھائے، پیٹ بھر کر نہ کھائے کیونکہ پیٹ بھرے لوگ دعاؤں کی تاثیر سے اکثر محروم رہتے ہیں۔

**نوٹ:** درج ذیل روحانی علاج بیان کرنے کے ساتھ ساتھ چند بار تکرار کروا کر یاد بھی کروائے جائیں۔

**دورانیہ: 08 منٹ**

☆**محتاجی سے نجات :** یَاحَکَمُ جو ہر نماز کے بعد 80 بار پڑھ لیا کرے کسی کا محتاج نہ ہو۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ الکریم (مدنی پنج سورہ صفحہ 250)

☆**دولت کاحصول:** یَارَحِیْمُ جو کوئی ہر روز 500 بار پڑھے گا دولت پائے گا اور مخلوق اس پر مہربان و شفیق ہو گی۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ الکریم (مدنی پنج سورہ صفحہ 250)

☆**چوری سے حفاظت:** "سورۃ توبہ" کو اپنے اسباب (سامان) میں رکھیں اِنْ شَآءَاللّٰہ الکریم چوری سے محفوظ رہے گا۔ (مدنی پنج سورہ صفحہ 231)

☆**گمشدہ چیز ملنے کا عمل:** 40 (چالیس) بار سورۃ یٰسین شریف سات (7) دن تک پڑھیں۔ (مدنی پنج سورہ صفحہ 232)

☆**آفتوں سے محفوظ:** یَاوَالِیُ جو کوئی کورے پیالے پر لکھ کر اس میں پانی بھر کر گھر کے درو دیوار پر ڈالے تو اِنْ شَآءَاللّٰہ الکریم وہ گھر آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ (مدنی پنج سورہ صفحہ 256)

☆**درد و رنج سے نجات :** یَاصَبُوْرُ جس کو درد یا رنج یا مصیبت پیش آئے 33 بار پڑھے اِنْ شَآءَاللّٰہ الکریم سکون حاصل ہو گا۔ (مدنی پنج سورہ صفحہ 259)

☆**صلح کے لیے :** یَامَانِعُ 20 بار بیوی ناراض ہے تو شوہر اور اگر شوہر ناراض ہو تو بیوی سونے سے قبل بچھونے پر بیٹھ کر پڑھے اِنْ شَآءَاللّٰہ الکریم صلح ہو جائے گی۔ (مدت تا حصولِ مراد) (مدنی پنج سورہ صفحہ 258)

☆**مال و دولت کی حفاظت :** لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ 97 بار پڑھ کر تجوری، غلّے (یعنی اناج)، گودام، مال وغیرہ پر دم کرنے سے اِنْ شَآءَاللّٰہ الکریم آفت و مصیبت سے مال و دولت کی حفاظت ہو گی (چڑیا اور اندھا سانپ ص 28)

☆**مشکل آسان:** یَاقَہَّارُ 100 بار اگر کوئی مصیبت آپڑے تو پڑھے ان شاء اللہ الکریم مشکل آسان ہو گی۔ (روحانی علاج صفحہ ۴)

☆**اغواء سے حفاظت:** یَاقَادِرُ جو وضو کے دوران ہر عضو دھوتے ہوئے پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ الکریم دشمن اس کو اغوا نہیں کر سکے گا۔

☆**حادثات سے محفوظ:** " یَاوَکِیْلُ "سات بار جو روزانہ عصر کے وقت پڑھ لیا کرے اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم آفتوں سے پناہ پائے۔ (روحانی علاج صفحہ 02)

☆**اچانک موت سے حفاظت:** "یَابَصِیْرُ" سات بار جو کوئی روزانہ بوقت عصر (یعنی ابتدائے وقت عصر تا غروب آفتاب کسی بھی وقت) پڑھ لیا کرے گا اِنْ شَآءَ اللّٰہ الکریم اچانک موت سے محفوظ رہے گا۔ (روحانی علاج صفحہ 02)